سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا جمعہ کے دن ہزار بار درود پڑھنے کی کوئی روایت موجود ہے ۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسی کوئی صحیح روایت ہمارے علم میں نہیں ہے ۔ بعض دوسری روایات میں جمعہ کے دن درود پڑھنے کی ترغیب و تشویق ہے ۔ شیخ صالح المنجد ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں :

اوس بن اوس رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

" تمہارا افضل ترین دن جمعہ کا روز ہے ، اس میں آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے ، اور اسی میں فوت ہوئے ، اور اس دن ہی صور پھونکا جائے گا ، اور اسی میں بے ہوشی ہوگی ، لہذا مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو ، کیونکہ تمہارا درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے ، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کیا : اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہمارا درور آپ پر کیسے پیش کیا جائے گا حالانکہ آپ تو مٹی بن چکے ہوں گے ۔ ؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : " یقینا اللہ تعالی نے زمین پر انبیاء کا جسم کھانا حرام کر دیا ہے " سنن ابو داود حدیث نمبر (1047)

امام ابن قیم رحمہ اللہ تعالی نے سنن ابو داود کی تعلیقات میں اسے صحیح قرار دیا ہے (273/4) اور علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابو داود حدیث نمبر (925) میں صحیح کہا ہے سنن ابو داود کی شرح عون المعبود میں ہے :

جمعہ کے روز پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے ابھارا کہ یہ سب ایام کا سردار ہے ، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سب انسانوں کے سردار ہیں ، لہذا اس روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی جو فضیلت اور امتیازی حیثیت حاصل ہے وہ کسی اور دن میں نہیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے

حدیث

جلد2 کتاب الصلوۃ